ورک شیٹ برائے سبق ۳

# سیرتِ طیبہ (بہ طورِ معلّم)

۱۔ دیے گئے متن میں سے اسمِ صفت تلاش کیجیے اور انھیں الف بائی ترتیب میں لکھیے۔

یاسر ایک بہت ہی اچھا اور تمیزدار بچّہ ہے۔ وہ ہمیشہ سچ بولتا ہے اور محنت سے پڑھتا ہے۔ یاسر خوش اخلاق ہے، سب سے تمیز سے بات کرتا ہے اور بڑوں کا ادب کرتا ہے۔

اس کے دوست کہتے ہیں کہ یاسر بہت ذہین ہے، کیونکہ وہ سوالوں کا بہت اچھے انداز میں جواب دیتا ہے۔ وہ رحم دل بھی ہے، ہمیشہ دوسروں کی مدد کرتا ہے۔ اگر کسی کو دُکھ یا پریشانی ہو تو وہ ہمدردی سے کام لیتا ہے۔

وہ بہادر بھی ہے، اگر کوئی مشکل ہو تو گھبراتا نہیں۔ یاسر علم دوست ہے، یعنی نئی چیزیں سیکھنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

جب یاسر بات کرتا ہے تو سب دھیان سے سنتے ہیں، کیونکہ اس کی باتوں میں سچائی اور معلومات ہوتی ہیں۔ وہ نہ صرف اچھا شاگرد ہے، بلکہ اچھا دوست بھی ہے۔

یاسر جیسا بچّہ اسکول اور گھر دونوں میں سب کا چہیتا ہوتا ہے۔

۲۔ دی گئی صفات کے جُملے بنائیے۔

| صفت | جُملے |
|---|---|
| مہربان | |
| ایماندار | |
| ذہین | |
| بہادر | |
| محنتی | |
| ہمدرد | |

| | |
|---|---|
| پُر اعتماد | |
| چھوٹا | |
| سادہ | |
| نرم | |
| صاف | |
| بڑا | |
| تیز | |
| وفادار | |